## پاکستان نازک صورتحال سے گزر رہا ہے، اقتدار سے بالاتر ہوکر ہمیں ملک کی فکر کرنی چاہیے۔الطاف حسین

## اگر ہم نے محاذ آرائی اور انتشار کے بجائے اتحاد کا مظاہرہ کیا تو ملک نہ صرف قائم رہے گا بلکہ داخلی طور پر مستحکم بھی ہوگا

## ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر چوہدری شجاعت حسین، مشاہد حسین اور دیگر مسلم لیگی رہنماؤں سے ٹیلیفون پر گفتگو

لندن۔۔۔31، اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پاکستان جس نازک صورتحال سے گزر رہا ہے اس وقت اقتدار سے بالاتر ہوکر ہم سب کو ملک کی فکر کرنی چاہیے کہ ملک کو کس طرح بحرانوں اور مشکلات سے نکالا جائے۔انہوں نے یہ بات آج ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر مسلم لیگ ق کے صدر چوہدری شجاعت حسین، صدارتی انتخاب کیلئے مسلم لیگ ق کے امیدوار مشاہد حسین، سابق وفاقی وزیر اعجاز الحق اور دیگر مسلم لیگی رہنماؤں سے ٹیلیفون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔گفتگو بہت ہی خوشگوار ماحول میں ہوئی جس کے دوران ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج ملک معاشی واقتصادی بحرانوں میں مبتلا ہے، ملک دہشت گردی، اقتصادی بدحالی اور طرح طرح کے مسائل سے دوچار ہے اور ملک کی سلامتی وبقاء کو بھی خطرات لاحق ہیں لہٰذا ہمیں سیاسی مفادات سے بالاتر ہوکر ملک کی بقاء وسلامتی کی فکر کرنی چاہیے۔انہوں نے کہا کہ اگر ہم نے فہم وفراست سے کام لیا اور محاذ آرائی اور انتشار کے بجائے اتحاد کا مظاہرہ کیا تو ملک نہ صرف قائم رہے گا بلکہ داخلی طور پر مستحکم بھی ہوگا اور کوئی بھی ہمارے ملک کی طرف میلی نگاہ نہیں ڈال سکے گا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان بڑی قربانیوں سے وجود میں آیا ہے لہٰذا ہمیں ملک کو بچانا ہے، اسے مضبوط ومستحکم رکھنا ہے، عوام کے مسائل حل کرنے ہیں اور ملک سے لینے کے بجائے ملک کو دینے کی فکر کرنی چاہیے۔انہوں نے چوہدری شجاعت حسین سے کہا کہ ہمارا آپ سے رشتہ اور تعلق ملک کی بقاء کیلئے ہے اور ملک کے محروم ومظلوم عوام کی خاطر ہے، یہ رشتہ قائم ہے اور رہے گا۔انہوں نے صدارتی انتخابات میں مشاہد حسین کی نامزدگی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ اگرچہ ہم صدارتی انتخاب کیلئے پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری صاحب کا نام پہلے ہی تجویز کرچکے ہیں لیکن مجھے خوشی ہے کہ مشاہد حسین جو ایک باصلاحیت اور قابل شخصیت ہیں وہ صدارتی انتخاب میں حصہ لے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ مڈل کلاس سے تعلق رکھنے والے افراد کسی بھی پارٹی میں آگے آتے ہیں تو مجھے خوشی ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ مڈل کلاس ہی ملک کو بچاسکتی ہے اور اسے مضبوط ومستحکم کرسکتی ہے۔چوہدری شجاعت حسین، مشاہد حسین اور دیگر مسلم لیگی رہنماؤں نے ملک کے حوالے سے جناب الطاف حسین کے خیالات کو سراہا اور کہا کہ یقیناً تمام جماعتوں کی قیادت کو اسی طرح کی سوچ کو اپنانا چاہیے۔چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ ملک کے وسیع تر مفاد میں ایم کیوایم اور مسلم لیگ ق کے مابین تعلق اور تعاون جاری رہے گا۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین ناظم آباد گلبہار سیکٹر کی کارکن جمیلہ خاتون کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔31، اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شعبہ خواتین ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 179 کی کارکن اور سیکٹر کمیٹی کے رکن محمد مجیب کی والدہ محترمہ جمیلہ خاتون کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب لطاف حسین نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے سوگوار لواحقین سے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جمیلہ خاتون مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ملیر سیکٹر کے کارکن محمد زاہد کو تنظیم سے خارج کردیا

کراچی۔۔۔31، اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 97 کے کارکن محمد زاہد ولد محمد رفیق کو فوری طور پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ تنظیمی نظم وضبط پر سختی سے عمل کرتے ہوئے محمد زاہد ولد محمد رفیق سے کسی بھی قسم کا کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

## ایم کیوایم کا پختونوں سے کوئی جھگڑا نہیں ہے، قاسم علی رضا

## اگر کوئی بندوق کی زبان میں بات کرے گا تو پیار کی زبان میں بات کریں گے

## ہمارا عزم ہے کہ بندوق کے آگے نہیں جھکیں گے اور پرامن جدوجہد سے مسلح حملہ آوروں کا مقابلہ کریں گے

لندن۔۔۔31، اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن قاسم علی رضا نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ایم کیوایم پختونوں کے خلاف نہیں ہے اور ایم کیوایم کا پختونوں سے کوئی جھگڑا نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم مذہبی انتہاء پسندی اور طالبانائزیشن کے خلاف ہے جس کے تحت مذہب کے نام پر دنیا بھر میں دین اسلام کو بدنام کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پختون ہمارے بھائی ہیں، ایم کیوایم نہ تو پختونوں کے خلاف ہے اور نہ ہی ایم کیوایم کا پختونوں سے کوئی جھگڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم عدم تشدد کی پالیسی پر عمل کرتے ہوئے ملک بھر کے عوام کے حقوق کیلئے پرامن جدوجہد کررہی ہے۔ قاسم علی رضا نے کہا کہ ایم کیوایم کی پرامن جدوجہد کے خلاف اگر کوئی ہم سے بندوق کی زبان میں بات کرے گا تو ہم کوشش کریں گے کہ ان عناصر سے پیار اور محبت کی زبان میں بات کریں۔ اس کے باوجود بھی اگر کوئی دھونس دھمکی اور بندوق کی زبان میں بات کرنے سے باز نہیں آیا تو ہمارا یہ عزم ہے کہ ہم بندوق اور گولی کے آگے نہیں جھکیں گے اور پرامن جدوجہد کے ذریعہ ہی مسلح حملہ آوروں کے عزائم ناکام بنائیں گے۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 179 کی کارکن جمیلہ خاتون انتقال کرگئیں

## نماز جنازہ اور تدفین حق پرست نمائندوں کی شرکت، رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔31، اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 179 کی کارکن اور ناظم آباد سیکٹر کمیٹی کے رکن محمد مجیب کی والدہ محترمہ جمیلہ خاتون دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کرگئیں (انااللہ وانا الیہ راجعون) مرحومہ کی عمر 80 برس تھی اور وہ کافی عرصے سے دل کے عارضے مبتلا ہونے کے باعث مقامی اسپتال میں زیر علاج تھیں۔ ہفتے کے روز ان کی طبیعت اچانک بگڑ گئی اور اسپتال میں ڈاکٹروں کی تمام تر کوششوں کے باوجود وہ جانبر نہ ہوسکی اور اپنے خالق حقیقی سے جاملی۔ جمیلہ بیگم مرحومہ کا شمار ایم کیوایم کے سرگرم کارکنان میں ہوتا تھا اور وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت رکھتی تھی۔ مرحومہ کے سوگواران میں 3 بیٹے اور دو بیٹاں شامل ہیں۔ دریں اثناء جمیلہ بیگم مرحومہ کو آج سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان پاپوشنگر کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحومہ کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ارکان اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان، ریحان ظفر، نارتھ ناظم آباد ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم احسن اللہ، یوسی ناظمین، نائب ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شعبہ خواتین ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 179 کی کارکن محترمہ جمیلہ خاتون کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی ہے۔

☆☆☆☆☆